روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

ہفتہ 5۔اپریل 2014ء 4جمادی الثانی 1435 ہجری 5شہادت 1393 ہش جلد 64-99 نمبر 77

## مجھے ہدایت پر قائم رکھ

حضرت ابن عباسؓ نے آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا بیان کی ہے۔

اے میرے رب میری مدد کر اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر اور میری نصرت فرما اور میرے خلاف کسی کی نصرت نہ کرنا اور میرے لئے تدبیر وحیلہ کر اور میرے خلاف تدبیر نہ کرنا اور مجھے ہدایت پر قائم رکھ اور راہ ہدایت میرے لئے آسان بنادے اور جو شخص مجھ پر زیادتی کرے اس کے مقابل میری مدد فرما۔

(جامع ترمذی کتاب الدعوات باب فی دعاء النبیؐ حدیث نمبر:3474)

# اخلاق عالیہ حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

نماز میں ہی رسول اللہؐ کی ساری لذت اور آنکھوں کی ٹھنڈک تھی۔آپؐ فرض نمازوں کی بروقت اور باجماعت ادائیگی کا خصوصی اہتمام فرماتے تھے اور سفر وحضر یا بیماری وغیرہ کا کوئی معمولی عذر اس میں آڑے نہ آنے دیتے تھے۔سفر ہو یا جنگ کی حالت خوف آپؐ نے ہمیشہ نماز کا اہتمام کیا،سفر میں نماز قصر اور جمع کر کے ادا کرتے۔اسی طرح بارش وغیرہ کے موسم یا دینی ضروریات کے لئے بھی نمازیں جمع کیں۔سفر میں بھی نماز تہجد اور نوافل ادا کرتے تھے خواہ سواری پر ہی ادا کرنی پڑیں۔البتہ فرض نماز کی ادائیگی کے لئے سواری سے اتر کر نماز کا انتظام کرواتے سوائے بارش وغیرہ کی مجبوری کے۔

نماز کے ذریعہ آپؐ اپنے رب کی رحمتیں اور برکتیں جذب کرتے تھے۔عبادت میں ایسا انہاک ہوتا تھا کہ جیسے معبود حقیقی سامنے نظر آرہا ہو، اکیلے میں تو آپؐ کی نمازیں بہت لمبی ہوتی تھیں لیکن فرض نمازیں نسبتاً مختصر اور معتدل پڑھاتے تاکہ کمزور بوڑھوں، بیماروں اور بچوں پر گراں نہ ہو۔بعض دفعہ تو بچوں کے رونے کی آواز سن کر نماز مختصر فرمادیتے تھے۔نماز میں آپؐ کی قراءت نہایت خوبصورت اور خوش الحان ہوتی تھی کہ خدائے ذوالعرش اور فرشتے بھی آفرین کہہ اٹھتے ہر آیت کو الگ کر کے پڑھتے اور اس پر رکتے۔سورہ فاتحہ کی ہر آیت پر وقف فرماتے تھے۔ہر رحمت کی آیت پر دعا اور عذاب کی آیت پر پناہ طلب کرتے۔

نمازوں میں ارشاد ربانی فاقرؤا ما تیسّر من القرآن کی روشنی میں سورہ فاتحہ کے ساتھ حسب حالات وسہولت تلاوت فرماتے۔ فجر کی نماز میں نسبتاً لمبی جہری قرأت ہوتی،عام دنوں میں سورہ ق اور تکویر بھی فجر میں پڑھی اور سفر میں سورۃ کافرون اور اخلاص بھی۔ اسی طرح جمعہ کے دن نماز فجر میں حم سجدہ اور سورہ دہر بھی تلاوت کی۔ظہر وعصر کی نمازوں کی پہلی دو رکعات میں فاتحہ کے ساتھ سرّاً تلاوت کرتے جس کی وجہ سے وہ نسبتاً لمبی ہوتی تھیں اور بعد کی رکعات پہلی کی نسبت قدرے مختصر۔نماز مغرب میں بھی سورۃ کافرون اور اخلاص کی بھی تلاوت کی اور سورۃ مرسلات اور طور بھی پڑھی۔نماز عشاء میں سورۃ التین کی بھی تلاوت کی اور سورۃ شمس، اللّیل اور الضحیٰ بھی۔نماز جمعہ اور عیدین میں اکثر سورۃ الاعلیٰ اور الغاشیہ پڑھا کرتے تھے اور کبھی سورۃ الجمعہ اور المنافقون بھی۔

نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد سے نکلتے ہوئے آپؐ اللہ کا فضل اس طرح چاہتے۔

بِسمِ اللّٰہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ...... (ابن ماجہ کتاب المساجد و ترمذی ابواب الصلٰوۃ)

یعنی اللہ کے نام کے ساتھ (میں باہر نکلتا ہوں) درود اور سلام ہوں رسول اللہ پر۔اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے لئے اپنے فضل کے دروازے کھول دے۔

نماز سے سلام پھرنے کے بعد آپؐ تین مرتبہ استغفر اللّٰہ (میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں) پڑھ کر یہ دعا اور کچھ اور دعائیں بھی پڑھتے۔

اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلَامُ ...... (مسلم کتاب المساجد)

یعنی اے اللہ! تیرا نام سلام ہے،سلامتی تجھ سے ہی ملتی ہے،اے جلال اور عزت والے! تو بہت برکت والا ہے۔

اس کے بعد آپؐ تینتیس تینتیس دفعہ سبحان اللہ،الحمد للہ اور چونتیس دفعہ اللہ اکبر پڑھنے کی تلقین فرماتے۔

## سکیم مطالعہ

### روحانی خزائن جلد نمبر 18

☆ رواں سال مطالعہ کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے روحانی خزائن جلد 18 کی منظوری عنایت فرمائی ہے۔

روحانی خزائن جلد 18 میں مندرجہ ذیل کتب شامل ہیں۔

اعجاز المسیح،ایک غلطی کا ازالہ،دافع البلاء، الھدیٰ اور نزول المسیح۔ان کتب میں سے اعجاز المسیح اور الھدیٰ عربی کتب ہیں۔اعجاز المسیح کا ترجمہ شائع ہو چکا ہے۔الھدیٰ عربی کتاب کے علاوہ باقی تمام کتب شامل ہیں۔

☆ شروع سال سے ہی اس کتاب کے مطالعہ کا ہر روزہ معمول بنالیں۔کوشش کریں کہ آپ کی ذاتی کتاب آپ کے پاس موجود ہو۔ کتاب کے مشکل الفاظ معانی بھی الفضل اور کتابی صورت میں شائع کر دیئے جائیں گے۔

☆ انشاء اللہ 10/اپریل سے ہم نے مطالعہ کا آغاز کرنا ہے اور ہر روز 8 صفحات کا مطالعہ کرنا ہے۔الھدیٰ کے علاوہ بقیہ کتب کے 488 صفحات ہیں اگر 8 صفحے روزانہ پڑھے جائیں تو دو ماہ میں کتاب مکمل ہو جائے گی۔پھر دہرائی اور اس کے امتحانات ہوں گے۔

☆ اس طرح 10 جون تک روحانی خزائن کی 18ویں جلد مکمل ہو جائے گی۔پھر کتاب کی دہرائی ہوگی۔اس دوران کتاب کی فرہنگ اور تعارف مہیا کر دیا جائے گا۔

☆ کتاب کا امتحان دو حصوں میں ہوگا۔ پہلے 244 صفحات کا امتحان یکم جولائی کو اور آخری 244 صفحات کا یکم اکتوبر 2014ء کو ہوگا۔

☆ مکمل کتاب کا پرچہ انشاء اللہ یکم جنوری 2015ء کو ہوگا۔

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

☆......☆......☆

وکالت وقف نو

# واقفات نو کس طرح جماعت کی خدمت کر سکتی ہیں

حضرت مسیح موعود نے الٰہی منشاء کے ماتحت 1889ء میں جماعت احمدیہ کی بنیاد رکھی 1989ء میں جماعت اپنی زندگی کی پہلی صدی کو مکمل کر کے اپنی زندگی کی دوسری صدی میں داخل ہونے والی تھی تو احمدیت کی دوسری صدی میں جماعت پر پڑنے والی عظیم الشان ذمہ داریوں کو بھانپتے ہوئے امام جماعت احمدیہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اللہ تعالیٰ سے رہنمائی پا کر 3/اپریل 1987ء کو یہ تحریک فرمائی کہ آئندہ دو سالوں میں اللہ تعالیٰ جو بچے احمدی ماں باپ کو عطا فرمائے وہ ان کو وقف کریں تا کہ بہت ہی حسین اور بہت ہی پیاری نسل ہماری آنکھوں کے سامنے دیکھتے دیکھتے خدا کی راہ میں قربانی کیلئے تیار ہو جائے۔ جو جماعت پر دوسری صدی میں پڑنے والی ذمہ داریوں سے عہدہ برآ ہونے کی اہلیت رکھتی ہو۔ اس مبارک تحریک کا نام حضور انور نے **''تحریک وقف نو''** رکھا۔

بعد ازاں حضور انور نے دو سال کی مدت کو بڑھا کر چار سال کر دیا اور پھر اس تحریک کو مستقل کر دیا چنانچہ اب مستقلاً یہ تحریک جاری ہے۔ لیکن اس میں بچوں کو قبل از پیدائش وقف کرنا ضروری ہے اب تک اس تحریک میں دنیا بھر سے احباب جماعت نے 48 ہزار 422 بچے پیش کر دیئے ہیں جن میں سے 29 ہزار 872 لڑکے اور 18 ہزار 550 لڑکیاں ہیں۔

ان میں سے پاکستان میں کل واقفین نو کی تعداد 25 ہزار 315 ہے جن میں سے 16 ہزار 43 لڑکے اور 9 ہزار 272 لڑکیاں ہیں۔ واقفین نو/واقفات نو کس طرح اور کس رنگ میں جماعت کی خدمت کر کے جماعت کیلئے بہترین اور مفید وجود بن سکتے ہیں۔ اس بارہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے بھی رہنمائی فرمائی اور حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بھی وقتاً فوقتاً رہنمائی فرماتے رہتے ہیں۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے 19/اگست 1992ء کو مکرم و محترم چوہدری حمید اللہ صاحب وکیل اعلیٰ تحریک جدید۔ ربوہ کو دوران ملاقات واقفات نو کے Professions کے بارہ میں ہدایات دیتے ہوئے ارشاد فرمایا تھا۔

## واقفات نو کیلئے Professions

''دیکھنے والی بات یہ ہے کہ لڑکیوں کیلئے کون سے کورسز ایسے تجویز ہو سکتے ہیں جن کے بعد (دینی) روایات کے اندر رہتے ہوئے وقف کا حق ادا کر سکتی ہیں۔ دوسرے لڑکیوں کو اس نکتہ نگاہ سے تیار کرنا ہے کہ وہ اپنے خاوندوں کی رہائش کے تابع پوسٹ ہوں۔

i- جرنلسٹ بن کر اپنے اپنے ملک میں اخبارات کو سنبھالیں۔

ii-Educationist بنیں

iii- زیادہ تر Lingusit ہوں۔ ایک سے زیادہ زبانیں سیکھیں تا ترجمہ کا کام سپرد کیا جا سکے۔ جو اپنے گھروں پر رہ کر بھی کیا جا سکتا ہے۔

iv- تصنیف کے کام کیلئے بھی تیار کیا جا سکتا ہے۔

v- بعض کو دینی امور میں Specialist بنایا جا سکتا ہے۔ مثلاً حضرت مسیح موعود کی کتابوں کے بارے میں اس طرح Specialize کروایا جا سکتا ہے۔

**(الف)** بعض غیر از جماعت سے متعلق حصوں میں Specialize کریں۔ اس طرح تحقیقی مقالے سپرد کئے جا سکتے ہیں۔

**(ب)** بعض عیسائیوں کے متعلق

**(ج)** بعض ہندوؤں کے متعلق وغیرہ

vi- بعض کو مختلف مذاہب کے Specialist کے طور پر تیار کیا جا سکتا ہے۔ مثلاً بہائی ازم، ہندو ازم۔

vii- جن شعبوں میں اس وقت کمی ہے ان میں کھپایا جا سکتا ہے۔

viii- کمپیوٹر، ٹائپنگ Secretarial Job میں ایک حصہ کھپایا جا سکتا ہے۔

ix- میڈیکل اور اس کے شعبہ جات۔

x- Teaching کے شعبہ میں مختلف مضامین۔

xi- Educational Sciences

### لڑکیوں میں Languages

(i) مغربی ممالک جہاں مختلف زبانوں کے سکھانے کے انتظامات ہیں۔ وہاں زیادہ تعداد زبانوں میں Specialize کریں۔

(ii) پاکستان۔ ہندوستان جہاں یورپین زبانیں سکھانے کی سہولت میسر نہیں۔ وہاں زیادہ تر عربی، فارسی، اردو اور انگریزی کی ماہرین تیار کروائی جائیں۔

(iii) پاکستان کی لڑکیوں کو کھپانے کیلئے مزید غور کی ضرورت ہے۔

(الف) کچھ حصہ کا معاملہ ان کے رجحانات کے مدنظر خط و کتابت کے ذریعہ طے ہو جائے گا کہ کس رنگ میں خدمت کی توفیق رکھتی ہیں۔

(ب) بہت بڑا طبقہ میری سکیم کے مطابق (جو میں نے ذیلی تنظیموں کے سپرد کی ہے) قرآن کریم اور نماز کی تعلیم دینے کیلئے Specialize کریں۔

(ج) جہاں جائیں اس غرض کیلئے سکول کھولیں اور اس میں Advanced تعلیم دینے کے قابل ہوں۔ پاکستان کی لڑکیوں کا بڑا حصہ اس کام میں کھپ سکتا ہے۔ یورپ میں سے بھی لڑکیوں کا ایک حصہ اس کام میں کھپایا جا سکتا ہے۔''

الحمدللہ اب تک پاکستان میں 63 واقفات نو اپنی تعلیم مکمل کر کے باقاعدہ کیڈر میں جماعت کی خدمت کر رہی ہیں۔ جبکہ 1 ہزار 549 واقفات نو انٹر سے اوپر کی مختلف کلاسز میں زیر تعلیم ہیں۔ نیز 500 سے زائد واقفات نو ایسی ہیں جن کی شادی ہو چکی ہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 18 جنوری 2013ء میں ارشاد فرمایا:۔

''پھر اسی طرح ہر ملک کی جو انتظامیہ ہے وہ ایک کمیٹی بنائے جو تین مہینے کے اندر یہ جائزہ لے کہ ان ملکوں کی اپنی ضروریات آئندہ دس سال کی کیا ہیں؟ کتنے (مربیان) ان کو چاہئیں؟ کتنے زبان کے ترجمے کرنے والے چاہئیں؟ کتنے ڈاکٹرز چاہئیں؟ کتنے ٹیچرز چاہئیں؟ جہاں جہاں ضرورت ہے۔ اور اس طرح مختلف ماہرین اگر چاہئیں تو کیا ہیں؟ مقامی زبانوں کے ماہرین کتنے چاہئیں؟ تو یہ جائزے لے کر تین سے چار مہینے کے اندر اندر اس کی رپورٹ ہونی چاہئے اور پھر جو شعبہ وقفِ نَو ہے وہ اس کا پراپر فالو اپ (Proper Follow up) کرے۔''

پاکستان کیلئے سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مکرم و محترم وکیل اعلیٰ صاحب تحریک جدید کی سربراہی میں ایک کمیٹی کی منظوری مرحمت فرمائی۔ اس کمیٹی نے جو سفارشات حضور انور کی خدمت اقدس میں بھجوائیں۔ ان میں ایک سفارش یہ بھی تھی:۔

اب اس امر کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے کہ واقفات نو کی تفصیلی رہنمائی کیلئے وکالت وقف نو میں واقفات نو کا ایک علیحدہ سیکشن قائم کیا جائے جن کے ذمہ درج ذیل امور ہوں۔

ایسی واقفات نو جن کی شادی ہو چکی ہے اور وہ باقاعدہ کیڈر میں رہ کر خدمت نہیں کر سکتیں ان کی رہنمائی کی جائے کہ وہ مقامی طور پر لجنہ کے ماتحت تربیت کیلئے مختلف پروگرام ترتیب دیں۔

(الف) اس پر عمل درآمد کروائیں اور پھر رپورٹ مرکز بھجوائیں۔ جس پر مرکز سے ان کی تعلیم کو ملحوظ رکھتے ہوئے مزید رہنمائی کی جائے۔

(ب) اسی طرح یہ واقفات نو کی تربیت کے کام کو بھی سنبھالیں۔

(ج) زیر تعلیم واقفات نو کی ان کے شعبہ جات کے انتخاب کے سلسلہ میں رہنمائی کی جائے۔ اس کیلئے لجنہ اماء اللہ میں قائم شعبہ وقف نو کا وکالت وقف نو سے مضبوط رابطہ ضروری ہے۔

(د) اعلیٰ تعلیم یافتہ شادی شدہ واقفات نو جو بوجوہ باقاعدہ کیڈر میں رہ کر خدمت نہیں کر سکتیں ان میں سے بعض کو ریسرچ سیل کی رہنمائی میں ریسرچ کیلئے مختلف موضوعات سپرد کئے جا سکتے ہیں۔ تا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے ارشاد کے مطابق گھر پر رہ کر تحقیق کے کام میں مدد اور معاون ہو کر جماعت کی خدمت کر سکیں۔

سیدنا حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت اس تجویز کو منظور فرماتے ہوئے وکالت وقف نو میں واقفات نو کیلئے ایک الگ سیکشن کی منظوری مرحمت فرمائی جس کی تعمیل میں وکالت وقف نو میں یہ سیکشن قائم ہو چکا ہے۔

خلفائے سلسلہ کے ارشادات کی روشنی میں واقفات نو کیلئے درج ذیل لائحہ عمل تجویز کیا گیا ہے۔

1- میٹرک کے بعد واقفات نو اپنے مضامین کے انتخاب کے سلسلہ میں وکالت وقف نو سے مشورہ کریں۔ تا کہ ان کی ایسے شعبہ جات کی طرف رہنمائی کی جا سکے جن کی جماعت کو زیادہ ضرورت ہے۔

2- سترہ سال سے زائد عمر واقفات نو مرکز کی طرف سے مقرر کردہ ششماہی امتحان میں حصہ لیں اور اپنے دینی علم میں اضافہ کیلئے قرآن کریم کا ترجمہ اور تفسیر۔ احادیث نبوی ﷺ اور کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ جاری رکھیں۔ اسی طرح حضرت مصلح موعود کی کتب دیباچہ تفسیر القرآن اور دعوت الامیر کا خاص طور پر مطالعہ کریں۔

3- ایسی واقفات نو جن کی میٹرک یا ایف اے تک تعلیم کے بعد شادی ہو جاتی ہے۔ وہ مقامی طور پر لجنہ اماء اللہ کے تحت قرآن کریم پڑھانے۔ وقف نو کی کلاسز لینے اور دیگر تربیتی امور میں مقامی طور پر معاونت کریں۔

4- ایسی واقفات نو جن کی شادی بعض مربیان/معلمین سے ہو جاتی ہے وہ فیلڈ میں جہاں ان کے خاوند تعینات ہوں وہاں پر لجنہ/ناصرات واقفات نو کی تعلیم و تربیت میں مقامی انتظامیہ کی مدد کریں۔

5- ایسی شادی شدہ واقفات نو جو اعلیٰ تعلیم یافتہ ہوں اور بوجوہ باقاعدہ کیڈر میں رہ کر خدمات سرانجام نہیں دے سکتیں وہ درج ذیل طریق پر جماعت کی خدمت کر سکتی ہیں۔

i) ماس کمیونی کیشن/جرنلزم کے شعبہ سے تعلق رکھنے والی واقفات نو اپنے اپنے علاقہ میں مختلف اخبارات میں مختلف نوعیت کے مضامین لکھیں۔ نیز جماعتی رسائل مصباح اور واقفات نو کے رسالہ مریم کیلئے بھی مضامین لکھیں۔ اس سلسلہ میں وکالت وقف نو سے مشورہ لیا جا سکتا ہے۔

ii) اپنے دینی علم میں اضافہ کیلئے مطالعہ وسیع کریں اور دینی امور میں گھر بیٹھے ریسرچ کے کام کیلئے اپنی خدمات پیش کریں۔ تا کہ ریسرچ سیل کی رہنمائی میں ان کے سپرد ریسرچ کے عناوین سپرد کئے جا سکیں۔

باقی صفحہ 7 پر

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ........ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ........ مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ........ قیمت 5 روپے

نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# نتیجہ فائنل پرچہ روحانی خزائن جلد 19 (مکمل کتاب)

اللہ تعالیٰ کے فضل سے روحانی خزائن جلد 19 فائنل پرچہ کے کل 44292 حل شدہ پرچہ جات نظارت ہذا کو موصول ہوئے۔ جن میں سے 43769 درست پرچوں کا رزلٹ پیش خدمت ہے۔

## سب سے پہلے موصول ہونے والے پرچہ جات

| تنظیم | نام | ولدیت/ زوجیت | پتہ | حاصل کردہ نمبر |
|---|---|---|---|---|
| انصاراللہ | عبدالمجیب شاہد | چوہدری عبدالکریم | دارالصدر شرقی طاہر۔ ربوہ | 92 |
| خدام الاحمدیہ | عامر عبدالباری | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی۔ ربوہ | 95 |
| اطفال الاحمدیہ | عبدالمصور خاں | ماسٹر عبدالخالق | دارالعلوم جنوبی بشیر۔ ربوہ | 93 |
| لجنہ اماءاللہ | طاہرہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی۔ ربوہ | 94 |
| ناصرات الاحمدیہ | وردہ قدیر | عبدالقدیر فیاض چانڈیو | باب الابواب غربی۔ ربوہ | 93 |
| پہلی فیکس | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد۔ حیدرآباد | 97 |

## تعداد کے لحاظ سے تنظیموں کی پوزیشن

| تنظیم | تعداد پرچہ جات | پوزیشن | حاصل کردہ فیصد نمبر |
|---|---|---|---|
| خدام الاحمدیہ | 16076 | اول | 74.46 |
| لجنہ اماءاللہ | 15847 | دوم | 85.20 |
| انصاراللہ | 9871 | سوم | 78.27 |
| اطفال الاحمدیہ | 1397 | | 77.38 |
| ناصرات الاحمدیہ | 578 | | 85.71 |
| میزان | 43769 | | |

## تعداد کے لحاظ سے اضلاع کی پوزیشن

| نمبر شمار | ضلع/ریجن | انصاراللہ | خدام الاحمدیہ | اطفال الاحمدیہ | لجنہ اماءاللہ | ناصرات الاحمدیہ | ٹوٹل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ربوہ (اول) | 2893 | 5660 | 269 | 5345 | 35 | 14202 |
| 2 | کراچی (دوم) | 987 | 1295 | 103 | 1895 | 176 | 4456 |
| 3 | لاہور (سوم) | 907 | 1854 | 17 | 1152 | 4 | 3934 |
| 4 | سیالکوٹ | 386 | 1126 | 117 | 800 | | 2429 |
| 5 | فیصل آباد | 506 | 988 | 136 | 263 | 27 | 1920 |
| 6 | حیدرآباد | 244 | 426 | 45 | 490 | 51 | 1256 |
| 7 | راولپنڈی | 220 | 252 | 31 | 672 | 15 | 1190 |
| 8 | اسلام آباد | 258 | 425 | 4 | 390 | 1 | 1078 |
| 9 | عمرکوٹ | 273 | 369 | 57 | 241 | 21 | 961 |
| 10 | سرگودھا | 241 | 290 | 41 | 298 | 5 | 875 |
| 11 | گجرات | 220 | 186 | 7 | 415 | 2 | 830 |
| 12 | گوجرانوالہ | 214 | 158 | 6 | 447 | 1 | 826 |
| 13 | شیخوپورہ | 158 | 122 | 50 | 304 | 4 | 638 |
| 14 | میرپورخاص | 115 | 172 | 78 | 183 | 4 | 552 |
| 15 | بہاولپور | 147 | 142 | 18 | 214 | 28 | 549 |
| 16 | بدین | 94 | 176 | 36 | 162 | 37 | 505 |
| 17 | مظفرگڑھ | 69 | 142 | 60 | 138 | 37 | 446 |
| 18 | ننکانہ صاحب | 190 | 176 | 38 | 22 | | 426 |
| 19 | ڈیرہ غازی خان | 99 | 205 | 1 | 117 | 1 | 423 |
| 20 | اوکاڑہ | 83 | 134 | 3 | 190 | 13 | 423 |
| 21 | میرپور AK | 82 | 131 | 19 | 181 | | 413 |
| 22 | ساہیوال | 113 | 62 | 1 | 201 | | 377 |
| 23 | بہاولنگر | 161 | 99 | 17 | 88 | 11 | 376 |
| 24 | قصور | 68 | 131 | 23 | 81 | 16 | 319 |
| 25 | منڈی بہاؤالدین | 87 | 131 | 22 | 74 | | 314 |
| 26 | حافظ آباد | 136 | 113 | | 48 | | 297 |
| 27 | ملتان | 27 | 90 | 1 | 166 | 6 | 290 |
| 28 | رحیم یارخان | 59 | 79 | 27 | 94 | 20 | 279 |
| 29 | لاڑکانہ | 76 | 81 | 10 | 96 | 8 | 271 |
| 30 | جہلم | 56 | 79 | 9 | 117 | 2 | 263 |
| 31 | پشاور | 98 | 54 | | 108 | | 260 |
| 32 | خانیوال | 67 | 72 | | 105 | | 244 |
| 33 | چکوال | 27 | 66 | 27 | 109 | | 229 |
| 34 | سانگھڑ | 50 | 51 | 5 | 94 | 8 | 208 |
| 35 | نواب شاہ | 33 | 37 | 7 | 105 | 8 | 190 |
| 36 | خیرپور | 42 | 64 | 12 | 69 | | 187 |
| 37 | وہاڑی | 41 | 74 | 10 | 53 | 8 | 186 |
| 38 | لیہ | 43 | 42 | 24 | 36 | 4 | 149 |
| 39 | اٹک | 20 | 31 | 12 | 73 | 11 | 147 |
| 40 | راجن پور | 10 | 81 | 12 | 39 | 1 | 143 |
| 41 | ہزارہ ڈویژن | 19 | 34 | 4 | 55 | 1 | 113 |
| 42 | بھکر | 16 | 20 | 6 | 39 | 8 | 89 |
| 43 | ٹھٹھہ | 13 | 39 | 4 | 27 | 3 | 86 |
| 44 | کوٹلی | 24 | 31 | 23 | 1 | | 79 |
| 45 | لودھراں | 34 | 31 | | 9 | | 74 |
| 46 | میانوالی | 24 | 5 | 5 | 26 | 1 | 61 |
| 47 | کوئٹہ | 18 | 22 | | | | 40 |
| 48 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 16 | 20 | | 1 | | 37 |
| 49 | خوشاب | 31 | | | | | 31 |
| 50 | مردان | 16 | | | 13 | | 29 |
| 51 | جھنگ | 20 | | | 1 | | 21 |
| 52 | سکھر | 16 | 5 | | | | 21 |
| 53 | نارووال | 11 | | | | | 11 |
| 54 | چنیوٹ | 5 | 2 | | | | 7 |
| 55 | مظفرآباد آزاد کشمیر | 4 | | | | | 4 |
| 56 | نوشہروفیروز | 4 | | | | | 4 |
| 57 | بیرون | | 1 | | | | 1 |
| 58 | میزان | 9871 | 16076 | 1397 | 15847 | 578 | 43769 |

## نمبروں کے لحاظ سے پوزیشن

### (پرچہ کے کل 100 نمبر تھے) 98 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | طاہرہ صدیقہ ناصر | حضرت مرزا ناصر احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 2 | صاحبزادی امتہ القدوس | صاحبزادہ مرزا غلام احمد | دارالصدر شمالی انوار | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 3 | صفیہ خالد گورایہ | محمد خالد گورایہ | فیکٹری ایریا احمد | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 4 | ندا رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 5 | سیدہ امۃ الرؤف | سید تاثیر مجتبیٰ | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 6 | میاں مجید الرحمٰن حمید | میاں نذیر احمد | فیصل ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 7 | چوہدری نسیم احمد | چوہدری فضل الٰہی | کھاریاں | گجرات | انصاراللہ |
| 8 | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | محمد اسلم طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 9 | عافیہ مارخ | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 10 | سلمٰی نزہت | حمید احمد | شہر | اٹک | لجنہ اماء اللہ |
| 11 | منور احمد تنویر | چوہدری بشیر احمد | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصاراللہ |
| 12 | شعیب احمد ہاشمی | محمد شفیع ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | انصاراللہ |
| 13 | امینہ بیگم | میاں محمد اسحٰق | شہر | گجرات | لجنہ اماء اللہ |
| 14 | منصور احمد | چوہدری شریف احمد | شہر | حیدرآباد | انصاراللہ |
| 15 | عبدالمنان فیاض | حکیم محمد رمضان | آئی8 | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 16 | امۃ الحلیم شاہدہ | احمد علی اسلم | دفتر لجنہ اماء اللہ پاکستان | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 17 | امۃ الجمیل | بشیر | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 18 | فریحہ خالد | خالد احسن | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 19 | شریف احمد اشرف | حافظ احمد علی | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصاراللہ |
| 20 | محمد نعیم | فضل کریم | ڈنڈوت آر ایس | جہلم | انصاراللہ |
| 21 | زاہد مسعود خان | چوہدری عزیز مسعود خان | گارڈن ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 22 | رستگار احمد بھٹی | مبارک احمد بھٹی | ایف7 | اسلام آباد | خدام الاحمدیہ |
| 23 | فہیم احمد پم | عبدالرحمٰن شاکر | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 24 | امۃ الشافی جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ اماء اللہ |
| 25 | نعمت اللہ جاوید | عنایت اللہ | شہر | قصور | انصاراللہ |
| 26 | مرزا رفیق احمد عابد | مرزا محمود احمد | دارالصدر غربی لطیف | ربوہ | انصاراللہ |
| 27 | محمد حنیف شمس | حاجی محمد شریف | گلزار ہجری | کراچی | انصاراللہ |
| 28 | ملک اشرف احمد | ملک مبارک احمد | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 29 | مجیب احمد قاسم | مولوی احمد علی اسلم | دارالفتوح شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 30 | محمد افتخار احمد چوہدری | چوہدری فرزند علی | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | انصاراللہ |
| 31 | مبشر احمد اعجاز | اعجاز احمد | دستگیر سوسائٹی | کراچی | انصاراللہ |

## 97 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈاکٹر سید تاثیر مجتبیٰ | ڈاکٹر سید غلام مجتبیٰ | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | انصاراللہ |
| 2 | مجید احمد | چوہدری برکت علی | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | انصاراللہ |
| 3 | ضیاء اللہ بٹر | جہان خان | وحدت کالونی | لاہور | انصاراللہ |
| 4 | سہیل شہزاد | رشید احمد ارشد | لطیف آباد | حیدرآباد | خدام الاحمدیہ |
| 5 | ملک محمود احمد اعوان | ملک کرم الٰہی | ڈیرہ اسماعیل خان | بھکر | انصاراللہ |
| 6 | چوہدری فضل الٰہی | چوہدری محمد الٰہی | ڈیفنس | لاہور | انصاراللہ |
| 7 | احمد حسین رانا | اقبال احمد رانا | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصاراللہ |
| 8 | مبارک احمد اعوان | صوفی رحمت اللہ | مدینہ ٹاؤن | پشاور | انصاراللہ |
| 9 | انیسہ قدیر | طارق قدیر | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 10 | آمنہ حسان | حسان محمود | جڑانوالہ | فیصل آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 11 | امۃ الحفیظ عابدہ | حافظ مظفر احمد | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 12 | کہکشاں کنول | مشتاق احمد بلوچ | حلقہ رحمٰن | میرپورخاص | لجنہ اماء اللہ |
| 13 | مرزا رفیق احمد | مرزا قدرت اللہ | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 14 | ظفر اللہ خان مبشر | ماسٹر سعد اللہ خان | گلستان جوہر جنوبی | کراچی | انصاراللہ |
| 15 | احمد نعیم | ریاض احمد | دارالیمن وسطی حمد | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 16 | عفت خلیل | مرزا خلیل احمد یعقوب | ماڈل ٹاؤن ہمک | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 17 | مبارک احمد بھٹی | محمد صدیق بھٹی | 6ایف | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 18 | سیدہ نصرت جہاں | سید ناصر محمود شاہ | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماء اللہ |
| 19 | مسرت جبیں | منور احمد تنویر | دارالصدر شرقی طاہر | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 20 | غزالہ فیاض | چوہدری فیاض احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 21 | مصباح احمد | فیاض احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماء اللہ |
| 22 | قراۃ العین منیر | منیر الدین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 23 | عتیقہ نصرت | منیر الدین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 24 | امة الحنیف جاوید | عبدالکریم جاوید | 8.جی | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 25 | محمد یوسف بقاپوری | محمد اسماعیل بقاپوری | جی ایچ ایس | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 26 | سلمٰی شاہد | شاہد خلیل | مارگلہ ٹاؤن | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 27 | قدسیہ کامران | سید کامران حیدر | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماء اللہ |
| 28 | نداء مبشر | مبشر احمد | رفاہ عام | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 29 | صباء رفیق | محمد رفیق | رفاہ عام نور سوسائٹی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 30 | شمائلہ احسن | محمد احسن | دستگیر سوسائٹی | کراچی | لجنہ اماء اللہ |
| 31 | عبدالباسط | علی محمد | موہری چنبہ | AK میرپور | انصاراللہ |
| 32 | مبشر احمد سہیل | چوہدری محمد شریف | دارالعلوم وسطی | ربوہ | انصاراللہ |
| 33 | محمد اشرف تارڑ | عبدالغنی تارڑ | کولوتارڑ | حافظ آباد | انصاراللہ |
| 34 | محمد احمد باجوہ | چوہدری محمد قاسم باجوہ | فیکٹری ایریا سلام | ربوہ | انصاراللہ |
| 35 | ولیہ عائشہ | مرزا توصیف احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 36 | امۃ الاکبر ماریہ | مرزا توصیف احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 37 | نور الٰہی بشیر | فضل الٰہی بشیر | گلشن پارک | لاہور | انصاراللہ |
| 38 | پروفیسر مسرت شمیم قریشی | فضل الرحمٰن قریشی | النور | کراچی | انصاراللہ |
| 39 | سید منیر احمد | سید نذیر احمد | ماڈل کالونی | کراچی | انصاراللہ |
| 40 | شیخ افضل الحق | شیخ فضل الحق | لالہ زار واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 41 | مبشر احمد طاہر | احمد دین | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 42 | صادق مجید اللہ | غلام محمد عبد | لالہ زار واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 43 | سعید احمد | محمد رفیق ناطق | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 44 | نبیل احمد مبشر | مبشر احمد طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | اطفال الاحمدیہ |
| 45 | سیدہ نفیسہ منور | سید منور احمد شاہ | اقبال ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 46 | سیدہ شگفتہ عزیز | سید عزیز احمد شاہ | 8ایف | اسلام آباد | لجنہ اماء اللہ |
| 47 | انتصار احمد | انوار احمد | ٹیکسلا | راولپنڈی | خدام الاحمدیہ |
| 48 | امۃ الرقیب جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ اماء اللہ |
| 49 | ھبۃ النور | منور احمد مہر | گلگشت | ملتان | لجنہ اماء اللہ |
| 50 | امتیاز احمد رانا | سردار علی | باغبانپورہ | لاہور | انصاراللہ |

## 96 نمبر حاصل کرنے والے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سید عبدالکریم طاہر | سید عبدالسلام | دارالعلوم غربی صادق | ربوہ | انصاراللہ |
| 2 | غلام احمد گھمن | مولوی اللہ رکھا | دارالفتوح غربی | ربوہ | انصاراللہ |
| 3 | مسرور احمد کاشف | محمود احمد طارق | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 4 | سالک احمد | مشتاق احمد | دارالعلوم شرقی ہادی | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 5 | سمیرا خالد | خالد بلال احمد | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 6 | فرحت سلطانہ بھٹی | راشد محمود بھٹی | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 7 | ملیحہ طارق | محمود احمد طارق | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 8 | شاہانہ روحی | سلطان احمد | دارالرحمت شرقی راجیکی | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 9 | نعیمہ مقصود | مقصود احمد | ماڈل ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 10 | حمیرا سمیع قاضی | قاضی عبدالسمیع طارق | فیصل ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماءاللہ |
| 11 | ریحانہ صدیقہ بھٹی | محمد انور ورک | آئی 9 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 12 | سعدیہ عثمان | عثمان احمد جاوید | جی 8 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 13 | آنسہ بشریٰ | محمد یونس | شہر | گجرات | لجنہ اماءاللہ |
| 14 | افتخار احمد خان | چوہدری کرامت اللہ | لطیف آباد | حیدرآباد | انصاراللہ |
| 15 | سعید احمد ایاز | سبحان علی | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصاراللہ |
| 16 | رفیع احمد طاہر | مقبول احمد | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | انصاراللہ |
| 17 | لقمان احمد سلطان | سلطان احمد | میرک | اوکاڑہ | خدام الاحمدیہ |
| 18 | عبدالمجید زاہد | عبدالعزیز | دارالفضل کنری | عمرکوٹ | انصاراللہ |
| 19 | ذکیہ مظفر | مظفر احمد قریشی | دارالرحمت شرقی راجیکی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 20 | عتیقہ رفیق | رفیق احمد | نصیر آباد سلطان | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 21 | شائستہ عزیز | ملک عبدالعزیز | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 22 | طیبہ کوثر | رفیع احمد طاہر | سانگلہ ہل | ننکانہ صاحب | لجنہ اماءاللہ |
| 23 | قدسیہ ظہور | ظہور احمد طاہر | جی 7 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 24 | امۃ الحکیم لئیقہ | منیر احمد منیب | دارالعلوم غربی ثناء | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 25 | انوار احمد | مشتاق عالم | ٹیکسلا | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 26 | فرح دیبا | انوار احمد ملک | ٹیکسلا | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 27 | رانا محمد ارشاد جاوید | غلام فرید | رچنا ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 28 | قمر احمد طاہر | عطاء اللہ | پاکستان چپ بورڈ | جہلم | انصاراللہ |
| 29 | عزیز احمد طاہر | چوہدری عبداللطیف | ناصر آباد شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 30 | نغمہ وسیم احمد | شیخ وسیم احمد | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 31 | عائشہ امینہ | مبارک مصلح الدین احمد | کوارٹرز تحریک جدید | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 32 | نصیرہ عزیز طاہر | پروفیسر عزیز احمد طاہر | ناصر آباد شرقی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 33 | ماسٹر نذیر احمد | میاں محمد موسیٰ | 58/3 ٹکڑا | ٹوبہ ٹیک سنگھ | انصاراللہ |
| 34 | نسیم اختر | محمد رمضان | دارالرحمت وسطی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 35 | نعیمہ حمید | حمیداللہ خان | دارالصدر شرقی الف | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 36 | فصاحت حمید | حمید احمد | شہر | اٹک | لجنہ اماءاللہ |
| 37 | نسیم رفیق | رانا رفیق احمد | ای 11 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 38 | نور جہاں صاحبزادہ | مشتاق احمد صاحبزادہ | حیات آباد | پشاور | لجنہ اماءاللہ |
| 39 | ماریہ عطاء | عطاءالاسلام | لالہ زار واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 40 | امۃ الحئی دردانہ | ارشد علی | دارالیمن وسطی حمد | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 41 | حمیدہ شاہدہ | چوہدری شفقت رسول | دارالنصر شرقی نور | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 42 | نگہت فردوس | عبدالسلام | دارالفتوح شرقی | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 43 | رفعت سلطانہ | ڈاکٹر سید مشہود احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 44 | منصور شریف ناصر | ڈاکٹر شریف ناصر | ایوان توحید | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 45 | عالیہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 46 | آمنہ شعیب ہاشمی | شعیب احمد ہاشمی | گلشن اقبال غربی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 47 | سید بشریٰ اسد | سید اسد احمد شاہ | کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ | ربوہ | لجنہ اماءاللہ |
| 48 | امۃ القیوم فرح | محمد شعیب خالد | لطیف آباد | حیدرآباد | لجنہ اماءاللہ |
| 49 | ڈاکٹر راجہ بصیر احمد ابصار | راجہ منیر احمد | دارالصدر شمالی ھدیٰ | ربوہ | انصاراللہ |
| 50 | پیر شبیر احمد | پیر ضیاالدین | ایف 11 | اسلام آباد | انصاراللہ |
| 51 | حکیم محمد جمیل | حکیم نور محمد | ٹنڈو غلام علی | بدین | انصاراللہ |
| 52 | میاں مزمل بشیر شاہد | میاں محمد بشیر | ڈرگ کالونی | کراچی | انصاراللہ |
| 53 | حامد علی خان | محمد علی خان | مغل پورہ | لاہور | انصاراللہ |
| 54 | مظفر احمد | محمد اسماعیل | شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 55 | پروفیسر محمد رشید طارق | محمد جمیل خان | اقبال ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 56 | محمد زوہیب طاہر | محمد شعیب خالد | لطیف آباد | حیدرآباد | خدام الاحمدیہ |
| 57 | چوہدری غفور احمد | چوہدری عنایت اللہ | دارالنور | فیصل آباد | انصاراللہ |
| 58 | صباحت | محمد زکریا ناصر | آئی 8 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 59 | عطیہ عاطف | عاطف عزیز | شہر | ٹوبہ ٹیک سنگھ | لجنہ اماءاللہ |
| 60 | پیرزادہ نعیم احمد جاوید | پیر سلطان عالم | ناصر ہال | گجرات | انصاراللہ |
| 61 | ڈاکٹر منیر حسین چوہدری | چوہدری عزیز حسین | شہر | گجرات | انصاراللہ |
| 62 | عاطف عزیز | عزیز احمد طاہر | شہر | ٹوبہ ٹیک سنگھ | خدام الاحمدیہ |
| 63 | عائشہ ظفر | ظفر احمد نسیم | جی 10 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 64 | راحیلہ خلیل | خلیل احمد ناصر | جی 10 | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 65 | سطوت قیوم | عبدالقیوم | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 66 | مائرہ احمد | کرنل وسیم احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 67 | ثمر وسیم | کرنل وسیم احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 68 | عظمیٰ اسماعیل | محمد اسماعیل | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 69 | لبنیٰ بشارت | بشارت احمد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 70 | راحیلہ راشد | فضل احمد راشد | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 71 | امۃ المتین | نصیر احمد | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 72 | امۃ القدیر | منیرالدین بھٹی | گلشن جامی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 73 | محمد لقمان احمد گوندل | چوہدری ناصر احمد گوندل | النور | کراچی | خدام الاحمدیہ |
| 74 | خولہ رفیق | رفیق احمد ظفر | واہ کینٹ | راولپنڈی | لجنہ اماءاللہ |
| 75 | ڈاکٹر سلیمہ ارشاد | ارشاد احمد | شہر | پشاور | لجنہ اماءاللہ |
| 76 | سیدہ نعیمہ راشدہ | سید منصور احمد شاہ | آئی 10 / حلقہ صدیق | اسلام آباد | لجنہ اماءاللہ |
| 77 | ارشاد احمد | محمد نوشاد | شہر | پشاور | انصاراللہ |
| 78 | امۃ الکافی | رانا عبدالقدیر طاہر | احمد آباد اسٹیٹ | عمرکوٹ | لجنہ اماءاللہ |
| 79 | عمارہ قدیر | رانا عبدالقدیر طاہر | احمد آباد اسٹیٹ | عمرکوٹ | لجنہ اماءاللہ |
| 80 | طلحہٰ حبیب | سعید احمد قریشی | محمود ہوسٹل | ربوہ | خدام الاحمدیہ |
| 81 | لبیبہ قیوم | عبدالقیوم | واہ کینٹ | راولپنڈی | ناصرات الاحمدیہ |
| 82 | ڈاکٹر طلعت اشرف | اشرف نواز | ماڈل کالونی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 83 | امۃ القدوس طارق | طارق محمود بھٹی | رفاہ عام سوسائٹی | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 84 | عافیہ لقمان | محمد لقمان بگھیو | محمود ہال | نواب شاہ | لجنہ اماءاللہ |
| 85 | طارق محمود کھوکھر | چوہدری دین محمد | محمود ہال | نواب شاہ | انصاراللہ |
| 86 | شیخ اعجاز احمد | شیخ محمد شفیع | جوہر ٹاؤن | لاہور | انصاراللہ |
| 87 | راضیہ قمر ذیشان | قمر ذیشان | ناظم آباد | کراچی | لجنہ اماءاللہ |
| 88 | صوفیہ ثمن | امتیاز احمد رانا | مسرور باغ | لاہور | ناصرات الاحمدیہ |
| 89 | رانا منیر احمد | ہدایت علی | دارالعلوم جنوبی احد | ربوہ | انصاراللہ |
| 90 | مسعود احمد | محمد انور | باب الابواب شرقی | ربوہ | انصاراللہ |
| 91 | وسیم احمد | عبدالرحمٰن شاکر | دارالرحمت شرقی راجیکی | ربوہ | انصاراللہ |
| 92 | احسان الحق قمر | عبدالرزاق | والٹن | لاہور | انصاراللہ |
| 93 | مبارک انور ندیم | بشیر احمد گوندل | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 94 | اقبال حیدر یوسفی | غلام حیدر خان | گلشن جامی | کراچی | انصاراللہ |
| 95 | منور احمد خالد | بشیر احمد گوندل | واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 96 | محمد سلیم جاوید | میاں فضل کریم | لالہ زار واہ کینٹ | راولپنڈی | انصاراللہ |
| 97 | ذیشان احمد | منور احمد | دارالذکر | سیالکوٹ | خدام الاحمدیہ |
| 98 | ریحان احمد | محمد اسلم مغل | دارالذکر | سیالکوٹ | خدام الاحمدیہ |
| 99 | سید منور احمد شاہ | سید مختار احمد شاہ | وحدت کالونی | لاہور | انصاراللہ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 100 | عاصمہ توفیق | مرزا توفیق احمد | حلقہ بیت المبارک | ربوہ | لجنہ اماء اللہ |
| 101 | امتہ النور جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ اماء اللہ |
| 102 | امتہ الصبور جاوید | نعمت اللہ جاوید | شہر | قصور | لجنہ اماء اللہ |
| 103 | خالد سیف اللہ | عباد اللہ خان | بہارہ کہو | اسلام آباد | انصار اللہ |
| 104 | بشارت احمد طاہر | مرزا برکت علی | کھاریاں | گجرات | انصار اللہ |
| 105 | عدیلہ مبشر | ڈاکٹر مبشر احمد طاہر | رچنا ٹاؤن | لاہور | لجنہ اماء اللہ |
| 106 | مرزا محمد عتیق | مرزا محمد رفیع | عزیز آباد | کراچی | انصار اللہ |

☆ تمام احباب وخواتین جنہوں نے پرچے حل کر کے بھجوائے ہیں ان کو اسناد بھجوادی جائیں گی وہ اپنے حلقہ کے مربی صاحب سے حاصل کر لیں۔ مرکز سے رابطہ کی ضرورت ہوتو فون 047-6212220 اورموبائل 0 3 4 2 6 9 2 2 5 3 3 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ نظارت کا ای میل nazarat.markazia@saapk.org ہے۔

حضرت مسیح موعود کی یہ بھی خواہش تھی کہ ”سب دوستوں کے واسطے ضروری ہے کہ ہماری کتب کم از کم ایک دفعہ ضرور پڑھ لیا کریں“۔

یہ حضرت مسیح موعود کی خواہش ہی نہیں بلکہ آپ نے تاکید کی ہے اور کتب کو پڑھنا ضروری قرار دیا ہے۔ اس لئے تمام احباب کتب حضرت مسیح موعود کا مطالعہ ہر روزہ معمول بنالیں۔

☆............☆............☆............☆............☆............☆

مکرم ڈاکٹر حبیب الرحمان کینیڈا

# میرے اباجان محترم فضل الرحمٰن خان صاحب

## سابق امیر جماعت ضلع راولپنڈی کا خلافت سے گہرا تعلق

محترم اباجان 29/اکتوبر 2012ء کو لندن کے کنگسٹن ہسپتال میں ہم سے جدا ہوکر اپنے خالق حقیقی کے حضور حاضر ہو گئے۔ خلافت احمدیہ سے اباجان کو والہانہ عشق تھا۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چار خلفاء سلسلہ کو قریب سے دیکھنے کا اور اُن کے ساتھ کام کرنے کا موقع دیا۔ اباجان بچوں کو ہمیشہ نصیحت کرتے تھے کہ خلیفہِ وقت کے ساتھ تعلق رکھو اور ہمیشہ ان کی اطاعت کرنے کو اپنے لئے سعادت سمجھو۔ ان کی یہ نصیحت صرف زبانی نصیحت نہ تھی بلکہ ہم نے ہمیشہ اُن کو اِس پر پوری طرح سے عمل پیرا پایا۔ خلافت سے اباجان کے عشق و وفا کے چند واقعات عرض کرتا ہوں۔

اباجان ہمیں سنایا کرتے تھے کہ جب وہ انجینئرنگ کالج لاہور میں تعلیم حاصل کر رہے تھے تو ایک موقع پر انجینئرنگ کالج کے احمدی طلبا کو اطلاع ملی کہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کا لاہور جانے کا قصد ہے۔ یہ سن کر انجینئرنگ کالج کے طلبا نے آپس میں مشورہ کیا اور طے پایا کہ حضور کی خدمت میں ایک درخواست دی جائے کہ حضور لاہور میں احمدی اور غیر احمدی طلبا سے خطاب فرمائیں۔ چونکہ محترم اباجان کو حضور نے انٹر کالجیٹ ایسوسی ایشن کا صدر منتخب فرمایا تھا حضور کو دعوت دینے کا فریضہ اباجان کے سپرد ہوا۔ اباجان لاہور سے ربوہ گئے اور حضور سے ملاقات کی درخواست کی۔ جب ملاقات کا وقت ملا تو چونکہ حضور اگلے روز لاہور کے لیے روانگی کا ارادہ رکھتے تھے مختلف نظارتوں کے ناظر صاحبان بھی پرائیویٹ سیکرٹری صاحب کے دفتر میں حضور سے ہدایات لینے کے واسطے ملاقات کے منتظر تھے۔ اتفاق سے حضور نے اباجان کو ہی سب سے پہلے بلا بھیجا۔ اباجان کہتے تھے کہ انہوں نے حضور سے عرض کی کہ حضور لاہور تشریف لا رہے ہیں تو اِس موقع پر طلبا سے خطاب فرمائیں۔ اباجان یہ بھی کہتے تھے کہ میں نے اپنی حماقت میں حضور کو خطاب کے لیے موضوع بھی عرض کیا۔ اس سے پہلے حضور اسلام میں اختلافات کے آغاز پر ایک لیکچر دے چکے تھے۔

اباجان نے تجویز کیا کہ حضور اسی موضوع پر لیکچر کا دوسرا حصہ موضوعِ سخن بنائیں۔ اباجان کی درخواست سن کر حضور کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار نمایاں ہوئے اور حضور نے فرمایا تمہیں معلوم ہے کہ میں کیوں لاہور جا رہا ہوں۔ میں بیمار ہوں اور بغرض علاج لاہور جا رہا ہوں۔ کیا بیمار آدمی لیکچر دیا کرتا ہے۔ چونکہ اباجان نے پہلی مرتبہ حضور کی ناراضگی دیکھی تھی اُن سے برداشت نہ ہو سکا اور وہ رونے لگ گئے۔ اس کے بعد حضور نے اور باتیں شروع کر دیں اور کافی وقت گزر گیا۔ اس دوران پرائیویٹ سیکرٹری صاحب نے گھنٹی بجائی کہ ملاقات کا وقت پورا ہو گیا ہے۔ اباجان اُٹھنے لگے تو حضور نے بٹھا دیا اور باتیں کرنے لگے۔ حضور نے اباجان کو اُس وقت تک جانے نہ دیا جب تک اباجان کے چہرے پہ بشاشت نہ آ گئی اور وہ ہنس نہ پڑے۔ اباجان کے خیال کے مطابق یہ ملاقات آدھے گھنٹے کے لگ بھگ رہی۔ اباجان کہتے ہیں کہ میں نے بعد میں اس واقعہ پر بہت غور کیا اور اس نتیجہ پہ پہنچا کہ پیشگوئی مصلح موعود کے مطابق حضرت خلیفۃ المسیح الثانی دل کے نہایت حلیم بھی تھے اور یہ واقعہ حضور کے حلم پہ گواہ کی حیثیت رکھتا ہے۔ کہاں ایک نوجوان طالب علم اور کہاں خلیفہ وقت کا مقام مگر اس حلم کے شہزادے نے یہ گوارہ نہ کیا کہ ایک طالب علم کو مضطرب حالت میں اپنے پاس سے رخصت کرتا اور نہیں کیا جب تک اس کے چہرے کے تاثرات کو بشاشت میں نہ بدل دیا۔

اباجان کے خلافت سے تعلق کا ایک اور واقعہ اس وقت پیش آیا جب حرم حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کو اللہ تعالیٰ نے اپنے حضور بلا لیا۔ اباجان حضرت بیگم صاحبہ کی وفات کا سُن کر جنازے میں شرکت کی غرض سے راولپنڈی سے لندن گئے۔ جنازے میں شرکت کے بعد حضور سے مصافحہ کیا تو حضور نے پوچھا آپ کب آئے۔ اباجان نے عرض کی کہ کل سہ پہر کو۔ حضور نے اباجان کی اِس بات پہ خوشی کا اظہار فرمایا کہ وہ جنازے میں شرکت کے غرض سے اتنا لمبا سفر کر کے آئے ہیں۔

اباجان کا دستور تھا کہ ہر سال جلسہ میں شمولیت کی غرض سے لندن تشریف لاتے تھے اور جلسہ کے بعد چند ہفتے اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کے ساتھ گزارتے تھے۔ وفات سے ایک سال پہلے اسی معمول کے تحت جلسہ کے چند ہفتوں کے بعد حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں حاضری دی تا واپسی کی اجازت طلب کریں۔ حضور نے اباجان کو دیکھ کر فرمایا خانصاحب آپ ابھی گئے نہیں۔ اس کے بعد اباجان گھر آئے اور میری امی کو کہا کہ چلنے کی تیاری کرو اور بچوں کو کہا کہ ہماری واپسی کی سیٹ بُک کرا دو۔ چند روز کے بعد عید تھی۔ بچوں نے کہا کہ عید کر کے جائیں۔ فرمایا نہیں خلیفہ وقت نے حکم دیا ہے اس لیے ارشاد کی تعمیل ضروری ہے اور باوجود بچوں کے اصرار کے آپ کو جو پہلی سیٹ ملی اُسی پر واپس چلے گئے اور عید کے لیے نہ رُکے۔

2012ء میں جلسہ کے چند ہفتوں کے بعد پھر حضور کی خدمت میں حاضر ہوئے تا واپسی کی اجازت طلب کریں۔ اِس مرتبہ حضور نے فرمایا خانصاحب جانے کی کیا جلدی ہے ابھی کچھ عرصہ یہیں رہیں۔ چند ہفتے گزرنے کے بعد امی نے اباجان سے کہا کہ اب حضور سے واپسی کی اجازت لینی چاہیے تو فرمایا ہرگز نہیں۔ میں نے خلیفہِ وقت کو نہیں کہا تھا کہ ابھی کچھ عرصہ ہمیں یہاں رہنے کی اجازت دیں۔ خلیفہِ وقت نے خود ہی ہمیں رہنے کا کہا ہے۔ وہ خود ہی جب مناسب سمجھیں گے حکم کریں گے۔ میں جا کر اجازت نہیں مانگوں گا۔ چونکہ لندن میں جلسہ کے بعد اباجان کا زیادہ تر وقت فراغت میں گزرتا تھا اِس لیے جلد تنگ بھی آجاتے تھے۔ دل جلد واپس پاکستان جانے کے لیے مضطرب بھی تھا اور کئی مرتبہ بہت پژمردہ خاطر بھی ہوتے تھے لیکن اِسی بات پہ اصرار تھا کہ جب تلک خلیفہ وقت خود نہیں کہیں گے میں اجازت طلب کرنے نہیں جاؤں گا۔ ان کی وفات لندن میں انہی ایام میں ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کی تقدیر یہی تھی کہ خلیفہ وقت ان کا جنازہ حاضر پڑھائیں۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے اباجان پہ بے حد رحمتیں نازل فرمائے اور ان کی اولاد کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین

☆......☆......☆

# مرکز میں آکر پختگی حاصل کریں

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:

”ہمیں بہت افسوس ہے کہ بعض لوگ کچے آتے ہیں اور کچے ہی چلے جاتے ہیں حالانکہ یہ ان کا فرض ہے کہ یہاں آکر چند روز رہیں اور اپنے شبہات پیش کر کے پختگی حاصل کریں۔ پھر ان سے دوسرے مخالف اور عیسائی ایسے بھاگیں گے جیسے لاحول سے شیطان بھاگتا ہے۔ تعجب ہے کہ لوگ کس طرح شیطان کے بہکانے میں آجاتے ہیں مگر یہ سب ایمان کی کمزوری کا باعث ہوتا ہے۔ بھلا مومن کیا اور شیطان کا بہکانا کیا۔ معلوم ہوتا ہے جو بہکتا ہے وہ خود شیطان ہے ورنہ سوچ کر دیکھا جاوے کہ اب ہمارے مخالفوں کے ہاتھ میں کیا رہ گیا ہے۔

یہ لوگ چاہتے ہیں کہ کچھ رطب و یابس ان کے ہاتھ میں ہے وہ ایک ایک حرف پورا ہو۔ حالانکہ نہ کبھی ایسا ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ یہودیوں کی احادیث اس قدر تھیں کہ وہ نہ حضرت عیسیٰ پر حرف بحرف پوری ہوئیں اور نہ آنحضرت ؐ پر اور اسی لیے بہتوں نے ٹھوکر کھائی مگر بعض یہودی جو مسلمان ہو گئے تو اس کی یہ وجہ تھی کہ جس قدر حصہ ان احادیث کا پورا ہو گیا انہوں نے اس کو سچا مان لیا اور جو نہ پورا ہوا۔ اس کو رطب یابس جان کر چھوڑ دیا یا ان کے اور معنے کر لئے۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو پھر ان کو اسلام نصیب نہ ہوتا اور پھر اس کے علاوہ انہوں نے آنحضرت ﷺ کے انوار و برکات بھی دیکھے۔ ہر ایک قوم کے پاس کچھ سچی کچھ جھوٹی کچھ صحیح اور کچھ غلط روایات ہوتی ہیں۔ اگر انسان اسی بات پر اڑ جائے کہ سب کی سب پوری ہوں تو اس طرح سے کوئی شخص مان نہیں سکتا۔ حکم کے یہی معنے ہیں ان میں سے سچی اور جھوٹی کو الگ کر کے دکھا دیوے۔

ہر ایک جو بیعت کرتا ہے اسے واجب ہے کہ ہمارے دعویٰ کو خوب سمجھ لیوے ورنہ اسے گناہ ہوگا۔“

(ملفوظات جلد سوم صفحہ 436)

Hm
4363

# اطلاعات واعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تقریب آمین

مکرم محمد اصغر صاحب صدر جماعت گولیکی ضلع گجرات تحریر کرتے ہیں۔

محض اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے خاکسار کے پوتے کامران اصغر ولد مکرم وقاص اصغر صاحب نیو جرسی امریکہ نے بعمر پانچ سال 9 ماہ قرآن کریم کا دور مکمل کر لیا ہے بچے کو قرآن کریم پڑھانے کی سعادت حلقہ کی ایک خاتون محترمہ جمیلہ طیب صاحبہ کو حاصل ہوئی۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کیلئے یہ سعادت مبارک فرمائے ۔ دین و دنیا کی حسنات سے نوازے۔ قرآن کریم کو پڑھنے پڑھانے والا اور احمدیت کا نام روشن کرنے والا بنائے۔ آمین

## ولادت

مکرم عبدالجبار صاحب سابق فوٹو گرافر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میری منجھلی بیٹی مکرمہ فرح عدیل صاحبہ زوجہ مکرم عدیل منظر صاحب اعوان ٹاؤن لاہور حال مقیم انڈونیشیا کو تین بیٹیوں کے بعد خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 18 مارچ 2014ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ نومولود کا نام سید ابراہیم عدیل تجویز ہوا۔ نومولود مکرم سید مصطفیٰ صاحب مرحوم اعوان ٹاؤن لاہور کا پوتا اور مکرم عبدالغفار شاکر صاحب کی نسل سے ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک، صالح، خادم دین اور والدین کیلئے آنکھوں کی ٹھنڈک بنائے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم اسرار احمد دھوتھڑ صاحب صدر جماعت پنڈی دھوتھڑاں ضلع منڈی بہاؤالدین تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ مکرمہ رضیہ بیگم صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری اقبال احمد دھوتھڑ صاحب بوجہ عارضہ قلب طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں داخل ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم منیب امجد قریشی صاحب پنڈی دھوتھڑاں ضلع منڈی بہاؤالدین تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی والدہ مکرمہ ثروت بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم امجد حسین قریشی صاحب دل اور گردہ کے عارضہ میں مبتلا ہیں۔ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں داخل ہیں ۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے موصوفہ کو شفائے کاملہ وعاجلہ سے نوازے۔ آمین

## ولادت

مکرمہ امۃ النور راشدہ صاحبہ اہلیہ مکرم پروفیسر مبارک احمد عابد صاحب صدر حلقہ ناصر آباد غربی ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

میرے بیٹے مکرم طارق عدنان صاحب کو اللہ تعالیٰ نے کینیڈا میں 17 مارچ 2014ء کو دوسرے بیٹے سے نوازا ہے۔ اس کا نام فہد جبران طارق تجویز ہوا ہے۔ نومولود والد کی طرف سے حضرت میاں کرم الٰہی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے اور والدہ کی طرف سے نبیرہ حضرت پیر سراج الحق نعمانی صاحب رفیق حضرت مسیح موعود مکرم سید محمد ارشد صاحب حال راولپنڈی کا نواسہ ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو دین و دنیا میں آباؤ اجداد کا نام روشن کرنے والا اور خادم خلافت احمدیہ بنائے نیز فعال صحت مند زندگی عطا کرے۔ آمین

## درخواست دعا

مکرم عطاء الوحید باجوہ صاحب ایڈیٹر ماہنامہ خالد ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میری بیٹی عزیزہ عطیۃ المصور نے بعمر چھ سال قصیدہ حضرت مسیح موعود مکمل حفظ کرنے کی توفیق پائی ہے۔ اس موقع پر ایک تقریب میں مکرم چوہدری اللہ بخش صادق صاحب وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ نے دعا کرائی۔ عزیزہ نے اپنے سکول کی پریپ کلاس میں بھی پہلی پوزیشن حاصل کی ہے۔ اللہ تعالیٰ بچی کو دین و دنیا میں اعلیٰ کامیابیوں سے نوازے۔ آمین

مکرم رانا محمد قاسم صاحب دفتر نمائش کمیٹی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ مکرم شیخ حمید احمد صاحب سیکرٹری وقف جدید ناصر آباد جنوبی ربوہ کو ماربل کاٹتے ہوئے پاؤں پر چوٹ لگی ہے چلنے پھرنے میں دشواری ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ شفاء کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔ آمین

مکرم سجاد احمد خان صاحب سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی بیگم مکرمہ سلمٰی قدسیہ صاحبہ عرصہ ایک سال سے بیمار ہے۔ مختلف Tests کروائے گئے۔ علاج جاری ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے شفا کاملہ وعاجلہ عطا کرے۔ آمین

**بقیہ از صفحہ 2 واقفات نو**

iii) انگریزی زبان پر عبور رکھنے والی واقفات نو حضرت مسیح موعود کی کتب کا انگریزی زبان میں ترجمہ کرنے کیلئے اپنی خدمات پیش کریں تا کہ ان سے گھر بیٹھے ترجمہ کا کام لیا جا سکے۔

iv) انگریزی کے علاوہ دیگر زبانوں میں دلچسپی رکھنے والی واقفات نو وکالت وقف نو کے مشورہ سے مختلف زبانوں میں مہارت حاصل کرنے کیلئے اپنے اپنے شہروں میں موجود زبانیں سکھانے والے ادارہ جات میں پارٹ ٹائم کورسز میں داخلہ لے کر مختلف زبانوں میں مہارت حاصل کریں تا کہ ان سے گھر بیٹھے ترجمہ کا کام کر سکیں۔

تمام واقفات نو کی خدمت میں گزارش ہے کہ وہ وکالت وقف نو کے ساتھ رابطہ میں رہیں۔ تا کہ وقتاً فوقتاً ان کی رہنمائی کی جاتی رہے۔

وکالت وقف نو کے رابطہ کیلئے عام خط وکتابت کے علاوہ درج ذیل ای میل ایڈریس Waqfnau.pk@gmail.com نیز وکالت وقف نو کی مندرجہ ذیل ویب سائٹ بھی وزٹ کی جا سکتی ہے۔ www.waqf-e-nau.org

اللہ تعالیٰ تمام واقفات نو کو اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے جماعت کیلئے بہترین اور مفید وجود بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## مستحق طلبہ کی امداد میں حصہ لیں

علم کا فروغ اور اس کی روشنی دنیا میں پھیلانا دین حق کا بنیادی مشن ہے ۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو خدائے عزوجل نے پہلی وحی میں فرمایا اقرأ کہ پڑھ اللہ کے نام سے جس نے تجھے پیدا کیا آپ ﷺ نے فروغ علم کے لئے بے پناہ جدوجہد کی۔ آپ ﷺ نے تحصیل علم کو جہاد قرار دیا یہاں تک فرما دیا کہ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے پھر فرمایا کہ پنگھوڑے سے قبر تک علم حاصل کرو۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے تو خدا تعالیٰ سے خبر پا کر ہمیں یہ نوید دی کہ

میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے۔

(تجلیات الٰہیہ ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 409)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا:

اگر ہم اپنی غفلت کے نتیجہ میں اچھے دماغوں کو ضائع کر دیں تو اس سے بڑھ کر اور کوئی ظلم نہیں ہوگا۔ پس جو طلبہ ہونہار اور ذہین ہیں ان کو بچپن سے ہی اپنی نگرانی میں لے لینا چاہئے اور انہیں کامیاب انجام تک پہنچانا جماعت کا فرض ہے۔

(خطبات ناصر جلد اول صفحہ 85)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔

اگر کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم حاصل نہیں کر رہا تو جماعت کو بتائیں، کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں رہے گا۔ لیکن بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان پر ظلم ہے۔

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ 145)

اسی طرح آپ نے مزید فرمایا۔

طلبہ کی امداد کا فنڈ ہے۔ تعلیم بھی بہت مہنگی ہو چکی ہے۔ اگر طلبہ اور والدین بچوں کے پاس ہونے کے موقع پر اس مد میں بھی رقم دیں تو کئی مستحق طلبہ کی مدد ہو سکتی ہے۔ اگر ہر طالب علم سال میں دس پندرہ پاؤنڈ ہی دے تو غریب ملکوں میں ایک طالبعلم کے سال بھر کی کاپیوں کتابوں کا خرچ پورا ہو سکتا ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 26 اکتوبر 2007ء)

پس آیئے ! حضرت مسیح موعود کے مشن کو پورا کرنے کیلئے خلفاء کے ارشادات پر والہانہ لبیک کہتے ہوئے ہم بھی اس کار خیر میں کچھ حصہ ڈالیں۔ اس کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ میں ایک شعبہ امداد طلبہ کے نام سے قائم ہے۔ اس کے تحت سینکڑوں طلباء کی مدد کی جاتی ہے، سالانہ داخلہ جات، ماہوار ٹیوشن فیس، درسی کتب کی فراہمی ، یونیفارم اور دیگر تعلیمی ضروریات حسب گنجائش معاونت کی جاتی ہے۔

اپنے عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

فون نمبرز: **0092 47 6215 448**

**0092 47 6212 473**

موبائل نمبر: **0092 0333 6706649**

**Email: info@nazarattaleem.org**

**Website: www.Nazarattaleem.org**

(نظارت تعلیم)

☆......☆......☆......☆

## ولادت

مکرم حماد احمد ریحان صاحب مینیجر اکاؤنٹس طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے خاکسار کو مورخہ یکم مارچ 2014ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت نومولودہ کو وقف نو کی بابرکت تحریک میں قبول فرماتے ہوئے سعدیہ حماد نام عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ مکرم سعید احمد ریحان صاحب زعیم اعلیٰ مجلس انصاراللہ GHS اسلام آباد کی پوتی ، مکرم محمد ابراہیم شمس صاحب کراچی مرحوم کی نواسی اور مکرم ماسٹر عبدالمجید صاحب واقف زندگی کی نسل سے ہے۔ احباب سے نومولودہ کی صحت وتندرستی والی لمبی عمر، نیک، صالح، خادم دین، خادم خلافت، خلیفہ وقت کی سلطان نصیر اور ماں باپ کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہونے کے لئے دعا کی درخواست ہے۔

# خبریں

## بچوں میں عارضہ قلب

پاکستان میں دل کے نقص کے ساتھ پیدا ہونے والے بچوں کی تعداد دنیا میں سب سے زیادہ ہے، پاکستان میں ہر سال کئی بچے دل میں نقص لئے پیدا ہو رہے ہیں۔ ایسے 80 فیصد بچوں کے دل میں سوراخ اور باقی کے دل کے والوز میں نقص ہوتا ہے۔ دل میں سوراخ والے بچے کو سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے ہاتھ پاؤں نیلے پڑ جاتے اور بھوک نہیں لگتی۔ قومی ادارہ برائے امراض قلب کے مطابق جو بچے دل کے امراض میں مبتلا ہوتے ہیں ان پر نزلہ، زکام اور ڈائریا جیسی موسمی بیماریاں جلد حملہ آور ہوتی ہیں کیونکہ ایسے بچوں میں قوت مدافعت بہت کم ہوتی ہے۔ محکمہ صحت کے اعداد و شمار کے مطابق ہر سال پاکستان میں ایک ہزار بچوں میں سے 11 بچے دل میں نقص کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق امراض قلب میں مبتلا بچوں کا علاج ادویات کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ تاہم بڑی تعداد میں آپریشن بھی تجویز کیا جاتا ہے۔ سرکاری ہسپتالوں میں امراض قلب میں مبتلا بچوں کو مفت علاج کی سہولت فراہم کی جائے تو کئی بچوں کی زندگیاں بچائی جاسکتی ہیں۔

(روزنامہ دنیا 23 جنوری 2014ء)

## گوشت کے استعمال میں اضافہ ہو جائیگا

جرمنی میں ماحولیات اور جانوروں کی فلاح کیلئے کام کرنے والے گروپوں نے خبردار کیا ہے کہ رواں صدی کے نصف تک گوشت کے استعمال میں ڈرامائی اضافہ ہو جائے گا جو صحت پر منفی اثرات مرتب کرے گا۔ ان گروپوں نے گزشتہ دنوں گوشت کے استعمال سے متعلق ایک رپورٹ جاری کی ہے جس کا عنوان ''2014ء میٹ ایٹ لیس'' ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ 2050ء تک گوشت کی طلب کے باعث اس کا استعمال بھی تباہ کن سطح پر پہنچ جائے گا۔ یہ صورتحال ایشیا میں زیادہ شدت سے محسوس کی جائے گی۔ اس عرصے کے دوران دنیا بھر میں گوشت کا استعمال 470 ملین ٹن ہو جائے گا۔ جس کے ماحول کے ساتھ ساتھ معاشرے پر بھی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ یہ حجم موجودہ استعمال کی حد سے ڈیڑھ سو ملین ٹن زائد ہے۔

(روزنامہ دنیا 23 جنوری 2014ء)

## خوش باش رہنے سے جسمانی فٹنس بڑھتی ہے

ایک تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ خوش رہنے والے لوگ جسمانی اعتبار سے زیادہ چست و توانا ہوتے ہیں اور جو لوگ اس مثبت احساس کے ساتھ زندگی کے شب و روز گزارتے ہیں وہ عمر کے کسی بھی حصے میں خود کو ناتواں نہیں سمجھتے۔ لیکن برطانوی ماہرین کا کہنا ہے کہ خوش باش رہنے سے جسمانی فٹنس بڑھتی ہے۔ تحقیقی ماہرین نے مشاہدے کیلئے 3 ہزار 199 مرد اور خواتین سے پوچھا کہ خوش رہنے پر وہ کیا محسوس کرتے ہیں؟ 8 برس لمبے مشاہدے میں زیر غور شرکاء جن کی عمریں 60 برس اور اس سے زیادہ تھیں انہیں تین گروپوں میں منقسم کیا گیا تھا۔ تحقیق سے وابستہ ڈاکٹر اینڈریو اسٹپٹو نے کہا نتیجے سے معلوم ہوا کہ زندگی سے لطف اندوز ہونے والے افراد عمر میں اضافہ ہونے کے باوجود روزمرہ کے کاموں کی انجام دہی میں فعال نظر آئے۔

(روزنامہ دنیا 23 جنوری 2014ء)

☆............☆............☆

## سانحہ ارتحال

مکرمہ سلیمہ قمر صاحبہ دفتر مصباح لجنہ اماء اللہ پاکستان تحریر کرتی ہیں۔

مورخہ 21 مارچ 2014ء کو خاکسار کے چھوٹے بھائی مکرم منیر احمد صاحب حال مقیم سسکاٹون کینیڈا ابن مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب سابق انچارج خلافت لائبریری ربوہ بوجہ ہارٹ اٹیک وفات پا گئے۔ ان کی نماز جنازہ مکرم نسیم مہدی صاحب مشنری انچارج امریکہ نے ٹورانٹو میں پڑھائی اور مکرم لال خان صاحب امیر کینیڈا نے ٹورانٹو میں تدفین کے بعد دعا کروائی۔ مرحوم مخلص احمدی، پابند صوم و صلوٰۃ تھے بوقت وفات بھی آپ نفلی روزہ سے تھے۔ مرحوم مجلس نصرت جہاں کے تحت پہلے سیرالیون اور پھر یوگنڈا میں ٹیچنگ کے فرائض سرانجام دینے کے بعد کینیڈا چلے گئے تھے۔ آپ نے پسماندگان میں اہلیہ مکرمہ حامدہ صاحبہ بنت مکرم لیفٹیننٹ محمد رفیق صاحب، دو بیٹیاں مکرمہ عالیہ صاحبہ، مکرمہ رمیزہ صاحبہ، ایک بیٹا مکرم بدر رضوان صاحب، تین بھائی مکرم نعیم احمد طیب صاحب کینیڈا، مکرم رشید احمد صاحب سابق کارکن دفتر زراعت، مکرم نصیر احمد شفیق صاحب امریکہ، تین ہمشیرہ مکرمہ نعیمہ حمید صاحبہ اہلیہ مکرم حمید اللہ خان صاحب مربی سلسلہ، مکرمہ رضیہ منیرہ صاحبہ اہلیہ مکرم محمد زکریا ناصر صاحب اسلام آباد اور خاکسار سلیمہ قمر اہلیہ رشید احمد صاحب سوگوار چھوڑی ہیں۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت اور بلندی درجات اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ ہم سب کو صبر، حوصلہ سے صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے۔ آمین

### ربوہ میں طلوع وغروب 5/اپریل

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:29 |
| طلوع آفتاب | 5:50 |
| زوال آفتاب | 12:11 |
| غروب آفتاب | 6:33 |

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

5/اپریل 2014ء

| | |
|---|---|
| 2:00 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 4/اپریل 2014ء |
| 3:20 am | راہ ہدیٰ |
| 6:05 am | حضور انور کے اعزاز میں آسٹریلیا میں استقبالیہ تقریب 11/اکتوبر 2013ء |
| 7:10 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 4/اپریل 2014ء |
| 8:20 am | راہ ہدیٰ |
| 9:50 am | لقاء مع العرب |
| 12:00 pm | حضور انور کا خطاب برموقع جلسہ سالانہ ہالینڈ 19 مئی 2012ء |
| 2:00 pm | سوال وجواب |
| 4:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 4/اپریل 2014ء |
| 6:00 pm | انتخاب سخن Live |
| 9:00 pm | راہ ہدیٰ Live |


پہلے آئیے، پہلے پایئے
Bata
مناسب قیمت اور معیار کی ضمانت
نئے موسم کے نئے اور دیدہ زیب ڈیزائن
باٹا شوروم حسین مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ

FRS RABWAH
اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ
فیوچر ریس سکول ربوہ
● یورپین طرز تعلیم، بیگ اٹھانے کی زحمت ختم
● کوئی ہوم ورک نہیں، نرسری تا ششم بوائز کے لئے
● اور نرسری تا ہشتم گرلز داخلے جاری ہیں۔
● کوالیفائیڈ ٹیچرز کی ضرورت ہے۔
دارالصدر شرقی عقب فضل عمر ہسپتال ربوہ
فون: 047-6211346 موبائل 0332-7057097

FR -10

ہر سکول شوز کے ساتھ پزل گیم + ٹیٹو سٹیکر فری حاصل کریں
سروس شوز پوائنٹ
اقصیٰ روڈ ربوہ 047-6212762
f /servisshoespointrabwah

DEUTSCHE SPRACH SCHULE
INSTITUTE OF GERMAN LANGUAGE
جرمن زبان سیکھئے
27-اپریل سے نئی کلاس کا آغاز
داخلہ جاری ہے
GOETHE کا کورس اور ٹیسٹ کی مکمل تیاری کروائی جاتی ہے۔ رابطہ: عمران احمد ناصر
مکان نمبر 51/17 دارالرحمت وسطی ربوہ 0334-6361138

وردہ فیبرکس
جیسا کہ ہمارے کسٹمرز کو پہلے ہی معلوم ہے کہ ہمارے ریٹس الحمدللہ مناسب ہوتے ہیں۔
اب ہم نے اپنے ریٹس میں مزید کمی کر دی ہے
کیونکہ ہم نے ربوہ کی تجارت کو بڑھانا ہے۔
آئیں اور ہمارا ساتھ دیں۔
موسم گرما سے متعلقہ لان کی تمام ورائٹی موجود ہے
چیمہ مارکیٹ بالمقابل الائیڈ بینک اقصیٰ روڈ ربوہ

گل احمد، Nishat، ڈیزائنر اور چکن
نیز برانڈ لان دستیاب ہے
صاحب جی فیبرکس
ریلوے روڈ ربوہ: +92-4706212310
www.sahibjee.com

طاہر آٹو ورکشاپ
ورکشاپ ٹیکسی سٹینڈ ربوہ
ہمارے ہاں پٹرول، ڈیزل EFI گاڑیوں کا کام تسلی بخش کیا جاتا ہے نیز تمام گاڑیوں کے جینئین اور کابلی سپیئر پارٹس دستیاب ہیں
فون: 0334-6365114, 0334-6360782

فاتح جیولرز
www.fatehjewellers.com
Email:fatehjeweller@gmail.com
ربوہ فون نمبر: 0476216109
موبائل 0333-6707165

ڈسک سلپ
کمر کے مہروں کا ہل جانا شدید درد کرنا فوری اور مستقل آرام کے لئے 1 ماہ کورس Rs:500/=
شاہ ہومیو رحمت بازار ربوہ: 6211868

مس کولیکشن میں سیل میلہ
✪ مردانہ شوز، سکول شوز =/500 روپے
✪ لیڈیز شوز =/400 روپے
✪ مردانہ سینڈلز اور سلیپرز =/350 - /450 روپے
مس کولیکشن
اقصیٰ روڈ ربوہ

کمر درد کیپسول
کمر درد کی مفید دوا
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
PH:047-6212434-6211434